حیسکو پریس ریلیز مورخہ 20.10.2026

عوام کے بھرپور تعاون سے روشنیوں کے سفر کے تحت 79ویں جنرل 11 کے وی عائشہ کالج فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کر دیا گیا ہے۔اس اقدام سے گھریلو، کمرشل، صنعتی اور زرعی صارفین سمیت اسکولوں اور اسپتالوں کو بلاتعطل بجلی کی سہولت میسر آئے گی۔زیرولوڈشیڈنگ برقرار رکھنے کے لیے صارفین حیسکو کے ساتھ اخلاقی معاہدہ کریں، جس کے تین بنیادی نکات ہیں (1) . بجلی چوری نہیں ہونے دیں گے۔(2) . خود بھی بجلی چوری نہیں کریں گے۔(3) .لائن لاسز 20 فیصد سے کم، ریکوری 100 فیصد اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کو بہتر رکھنے میں تعاون کریں گے، تاکہ اے ٹی اینڈ سی (AT&C) نقصانات کو کنٹرول کیا جا سکے۔۔فیڈر کی حفاظت اور اس سہولت کو برقرار رکھنے کے لیے عوام اور حیسکو انتظامیہ کو مشترکہ طور پر ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔عوام بجلی چوری کی روک تھام میں کردار ادا کریں تو نہ صرف نقصانات کم ہوں گے بلکہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی بھی ممکن ہوگی۔حیسکو کی فیلڈ سروسز بہتر بنانے کے لیے 137 گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، ہر سب ڈویژن کو گاڑی دی گئی ہے، جبکہ پانچ کرینیں اور جی ایس او و جی ایس سی کی ٹیموں کو لیپ ٹاپ بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ٹرانسفارمر خراب ہونے کی صورت میں متبادل ٹرانسفارمر نصب کر کے بجلی کی فراہمی جلد بحال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔بجلی چوری کو عوام کے حقوق پر ڈاکہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ فراہم کردہ بجلی کا بڑا حصہ چوری ہونا ایک لمحہءفکریہ ہے۔عوام بیدار ہو کر بجلی چوری کی روک تھام میں حیسکو کا ساتھ دیں۔حیسکو انتظامیہ یقین دلاتی ہے کہ عوام کے تعاون اور فیڈر کی مشترکہ نگرانی سے بلاتعطل بجلی کی فراہمی برقرار رکھی جائے گی۔انہوں نے اس کامیابی پر حیسکو افسران، فیلڈ اسٹاف اور محنتی ورکرز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی اجتماعی کوششوں اور عوامی تعاون کا نتیجہ ہے۔حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو فیض اللہ ڈاہری نے 11 کے وی عائشہ کالج فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے بھرپور تعاون سے روشنیوں کے سفر کے تحت 79ویں جنرل 11 کے وی عائشہ کالج فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کر دیا گیا ہے۔اس اقدام سے گھریلو، کمرشل، صنعتی اور زرعی صارفین سمیت اسکولوں اور اسپتالوں کو بلاتعطل بجلی کی سہولت میسر آئے گی۔زیرولوڈشیڈنگ برقرار رکھنے کے لیے صارفین حیسکو کے ساتھ اخلاقی معاہدہ کریں، جس کے تین بنیادی نکات ہیں (1) . بجلی چوری نہیں ہونے دیں گے۔(2) . خود بھی بجلی چوری نہیں کریں گے۔(3) .لائن لاسز 20 فیصد سے کم، ریکوری 100 فیصد اور ڈسٹری بیوشن سسٹم کو بہتر رکھنے میں تعاون کریں گے، تاکہ اے ٹی اینڈ سی (AT&C) نقصانات کو کنٹرول کیا جا سکے۔۔فیڈر کی حفاظت اور اس سہولت کو برقرار رکھنے کے لیے عوام اور حیسکو انتظامیہ کو مشترکہ طور پر ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔عوام بجلی چوری کی روک تھام میں کردار ادا کریں تو نہ صرف نقصانات کم ہوں گے بلکہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی بھی ممکن ہوگی۔حیسکو کی فیلڈ سروسز بہتر بنانے کے لیے 137 گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، ہر سب ڈویژن کو گاڑی دی گئی ہے، جبکہ پانچ کرینیں اور جی ایس او و جی ایس سی کی ٹیموں کو لیپ ٹاپ بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ٹرانسفارمر خراب ہونے کی صورت میں متبادل ٹرانسفارمر نصب کر کے بجلی کی فراہمی جلد بحال کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔بجلی چوری کو عوام کے حقوق پر ڈاکہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ فراہم کردہ بجلی کا بڑا حصہ چوری ہونا ایک لمحہءفکریہ ہے۔عوام بیدار ہو کر بجلی چوری کی روک تھام میں حیسکو کا ساتھ دیں۔حیسکو انتظامیہ یقین دلاتی ہے کہ عوام کے تعاون اور فیڈر کی مشترکہ نگرانی سے بلاتعطل بجلی کی فراہمی برقرار رکھی جائے گی۔انہوں نے اس کامیابی پر حیسکو افسران، فیلڈ اسٹاف اور محنتی ورکرز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی اجتماعی کوششوں اور عوامی تعاون کا نتیجہ ہیرواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل حیدرآباد گلزار احمد دستی، ایکسین آپریشن ڈویژن حیسکو نواب شاہ محمد مدثر احمد، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن نواب شاہ-I زمان بھٹی کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی نے کہا کہ میرے لیے سب سے زیادہ اہم میری لیبر ہے، جس کی محنت سے نواب شاہ-I کے عائشہ کالج فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کیا جا رہا ہے۔کسی نے سوچا بھی نہیں تھا کہ حیسکو اتنی جلدی کامیابی کی نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔یہ حیسکو کا 79 واں فیڈر ہے جسے زیرولوڈشیڈنگ کیا جا رہا ہے۔میرا بچپن بھی اسی علاقے میں گزرا ہے۔اس اقدام سے کالج، تاجروں اور رہائشی صارفین کو فائدہ ہوگا۔یہ محض ایک تقریب نہیں بلکہ ایک بڑے مقصد کی جانب اہم قدم ہے۔اس فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کے لیے حیسکو نے میٹرز، ایل ٹی لائنوں کی تبدیلی اور ایچ ٹی لائنوں کی مرمت سمیت بھاری اخراجات برداشت کیے ہیں۔وہ دن دور نہیں جب پورا حیدرآباد لوڈشیڈنگ فری ہوگا۔اس فیڈر پر 744 کنیکشنز ہیں، ایچ ٹی کی لمبائی 4.7 کلومیٹر جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہو رہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جا سکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گے تو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں مہمانان خصوصی میئر شہید بینظیر آباد قاضی رشید بھٹی، محمد عظیم مغل، چوھدری عبدالقیوم آرائیں، راؤ ممتاز احمد، فیصل شاہ، محمد حیات کاکے پوٹو، سلیم شیخ، محمد سلیم آرائیں، ارشد آرائیں، غلام ربانی بروہی اور وڈیرو غلام حسین، خالد بھنگوار، راو محمد عاصم جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ڈائریکٹر جنرل (میراڈ) عبدالماجد جتوئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی، ایکسین نواب شاہ محمد مدثر احمد، ڈی سی ایم آپریشن سرکل نواب شاہ نوید اختر چاچڑ، ڈی ڈی (ٹیکنیکل) انصاف علی بروہی،، ایس ڈی او نواب شاہ-I زمان بھٹی، کوآرڈینیٹر ایس ڈی او ولید اد چانڈیو، ایڈیشنل منیجر (پی اینڈ ای) ڈونگرومل، انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ اور ترجمان حیسکو محمد صادق کُمبر دیگر سیاسی سماجی شخصیات، علاقہ معززین شریک۔

حیسکو چیف ایگزیکٹو فیض اللہ ڈاہری، میئر شہید بینظیر آباد قاضی رشید بھٹی، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی و دیگر 11 کے وی عائشہ کالج فیڈر کو زیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے